BAO | Bereavement Authority of Ontario

معلوماتی ہدایت نامہ برائے صارفین جائزہ

صدمہ اور حزن و ملال کے موقوں کے حوالے سے معلومات

ہماری عوامی ویب سائٹ پر یہ ہمارا 24 صفحات کا بی اے او (BAO) کا مفت معلوماتی ہدایت نامہ برائے صارفین ہے۔ یہ ہدایت نامہ آپ اور آپ کے خاندان کو جنازے، تدفین، آخری رسومات اور متبادل رجحانات کی خدمات کے لیے آپ کے اختیارات اور حقوق کے بارے میں باخبر انتخاب کرنے میں مدد کرتا ہے۔ مفت مکمل اشاعت شدہ ہدایت نامہ بھی دستیاب ہے، اگر آپ اسے اس شکل میں پسند کرتے ہیں۔

مکمل ہدایت نامہ دستیاب ہے www.TheBAO.ca اور خاص طور پر
https://thebao.ca/for-consumers/consumer-information-guide/

اشاعت شدہ کاپی کو ترجیح دیتے ہیں؟ اپنا ڈاک کا پتہ اس پر ای میل کریں
CIG@TheBAO.ca

آپ اس قیو آر کوڈ کو بھی سکین کر سکتے ہیں:

ہم کون ہیں؟

ہم سب صارفین کے تحفظ کے لیے مصروف عمل ہیں۔

بیریومنٹ اتھارٹی آف آنٹیریو (BAO) The Bereavement Authority of Ontario) ایک سرکاری تفویض کردہ عہدہ دار اور غیر منافع بخش کارپوریشن ہے جووزارت برائے عوامی و کاروباری خدمات کی فراہمی و حصول کی جانب سے جنازہ، تدفین اور مردہ جلانے کی خدمات کے قانون (FBCSA) Funeral, Burial and Cremation Services Act, 2002) کی دفعات کا انتظام کرتی ہے۔ عوامی مفادات کے تحفظ کے لیے ذمہ دار، بی او اے (BAO) قانون کی تعمیل کو یقینی بناتے ہوئے، لائسنس یافتہ افراد کو وسائل اور خدمات فراہم کرتا ہے:

- جنازے کے انتظام کار، ڈائریکٹرز اور پری پلانرز (مستقبل کے منصوبہ کا)؛
- قبرستان، مردہ جلانے کی جگہ اور متبادل انجام کار؛
- منتقلی کے خدمت کار؛ اور
- آنٹیریو بھر میں بیریومنٹ سیکٹر سیلز کے نمائندے۔

بی او اے (BAO) کو مکمل طور پر لائسنس کی فیس (ٹیکس ڈالر سے نہیں) سے فنڈ کیا جاتا ہے۔

ہدایت نامہ کے اندر

آپ معلومات حاصل کر سکیں گے

- موت کے بعد انتظامات کی دیکھ بھال کے فیصلے کرنے کا قانونی اختیار
- فوت شدہ شخص کی منتقلی / نقل و حمل
- کم سے کم درکار خدمات
- جنازہ اور یادگاری خدمات کی ترجیحات
- تدفین
- مردہ جلانا
- الکلائن ہائیڈرالیسس
- جلے ہوئے مردہ کے باقیات کا انتظام
- 'مداخلتی حقوق' اور کئی دیگر اصطلاحات
- موت کے انتظام کی خدمات کے معاہدے
- موت کے انتظامات کی دیکھ بھال کی خدمات کے لیے پہلے سے ترتیب یا ادائیگی
- آپ کی پہلے سے ادا شدہ رقم کی حفاظت کیسے کی جاتی ہے
- شکایت کیسے کی جائے
- اور بہت کچھ

مکمل معلوماتی ہدایت نامہ برائے صارفین کے صفحہ چار پر ملاحظہ کیجیئے "اس ہدایت نامہ میں" ۔

ہمارے مفت ہدایت نامہ میں معلومات کی مثالیں

قانونی اختیار

فیصلے کرنے کا قانونی اختیار کسے حاصل ہے؟ عام طور پر، متولی کے طور پر مقرر کردہ فرد (افراد) کو ایسے فیصلے کرنے کا قانونی اختیار حاصل ہوتا ہے۔ یہ جزوی فہرست ہے کہ کون قانونی نمائندے کے طور پر کام کر سکتا ہے: متولی، جسے تعمیل کنندہ یا مختاربھی کہا جاتا ہے، جس کا نام وصیت میں ہوتا ہے (یا عدالت کی طرف سے مقرر کردہ منتظم)؛ شریک حیات بالغ بچے، 18 یا اس سے زیادہ عمر کے اور مرحومین کے والدین

آپ کی ترجیحات

جنازے یا یادگاری خدمات کے کچھ انتخابات کیا ہیں؟ کسی کی زندگی کے حوالے سے تقریب پیچھے رہ جانے والے خاندان اور دوستوں کو اپنے پیارے کے کھو جانے کے غم برداشت کرنے میں مدد کرتا ہے۔ آپ جنازہ، یادگاری کی خدمت یا قبر کی جگہ کی خدمت کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ خدمت بذریعہ دعوت نجی، یا عوامی ہوسکتی ہے۔ دیگر انتخابات یہ ہیں عوامی یا نجی ملاقات/دیکھنا، جنازے کا جلوس، گھرپرجنازہ اور/یا گھر پر رسم، یا کوئی دیگرقابل احترام سماجی، روایتی، یا ثقافتی رسم۔

میرے پاس اپنے جسم کی حتمی شکل میں کیا انتخابات ہیں؟ آپ کے انتخابات میں ہیں تدفین، جسم جلانا، اور الکلائن ہائیڈرولیسس (ایک کیمیائی عمل جس سے جسم کو مائع اور ہڈیوں کے اجزاء تک کم کیا جاتا ہے۔) جنازے کی خدمات، بشمول منتقلی/نقل و حمل، دستاویزات بشمول موت کا اندراج، اور جسم کی دیکھ بھال، بغیر لائسنس کے اور بغیر کسی خرچے کے۔

خرچہ دیکھنا آپ کا حق ہے!

معاہدے پر دستخط کرنے سے پہلے مجھے کیا معلوم ہونا چاہیے؟ یقینی بنائیں کہ آپ لائسنس یافتہ کاروبار یا فرد کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ آپ ہمارے عوامی رجسٹر(Public Register) کو تلاش کر سکتے ہیں، جو ہماری ویب سائٹ پر پایا جاتا ہے۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ خدمت فراہم کنندہ نے معاہدے پر دستخط کرنے سے پہلے آپ کو اس خدمت کی قیمت کی فہرست اور قبرستان یا مردہ جلانے کی جگہ کے ضابطوں کی ایک کاپی دی ہے، جیسا کہ قانون کے مطابق درکار ہوتا ہے۔ خدمت فراہم کرنے والے سے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ بی اے او (BAO) کے معلوماتی ہدایت نامہ برائۓ صارفین کی ایک کاپی کے ساتھ اپنی عوامی ویب سائٹ پر قیمت کی فہرست پوسٹ کرے۔ مالی امداد کے خواہاں افراد کو کسی معاہدے پر دستخط نہیں کرنے چاہییں کیونکہ یہ انہیں امداد کے لیے نااہل اور معاہدے کی ادائیگی کے لیے ذمہ دار قرار دے سکتا ہے۔

جنازے کے منتظم یا مستقبل کے منصوبہ کنندہ کو ادائیگی کی تمام ترجیحات، منسوخی کے حقوق اور رقم کی واپسی کے حقوق کی وضاحت کرنی چاہیے۔



مزید جانیۓ

سماجی معاونت

اگرآپ کے پاس جنازے، منتقلی کی خدمت، تدفین، الکلائن ہائیڈرولیسس یا جسم جلاۓ جانے کے لیۓ ادائیگی کی رقم نہیں ہے تو آپ اپنی مقامی بلدیاتی حکام کو مدد کے لیے درخواست دے سکتے ہیں ۔ **مزید جانیۓ، یہاں پر.**

بی اے او (BAO) کے معلوماتی ہدایت نامہ برائۓ صارفین میں مزید جانیۓ:

مکمل ہدایت نامہ دستیاب ہے www.TheBAO.ca اور خاص طور پر https://thebao.ca/for-consumers/consumer-information-guide/

اشاعت شدہ کاپی کو ترجیح دیتے ہیں؟ اپنا ڈاک کا پتہ اس پر ای میل کریں CIG@TheBAO.ca

BAO Bereavement Authority of Ontario

5160 Yonge St., Suite 1200, North York, ON M2N 6L9
647-483-2645 • info@thebao.ca • www.thebao.ca